بارنے ہاگے میں والدین کے جائزے کے بارے میں والدین کے لیے معلومات

بارنے ہاگے میں والدین کے جائزے کا مقصد کیا ہے؟

بارنے ہاگے میں والدین کا جائزہ آپ کو بطور والدین بارنے ہاگے کی پیشکش اور بارنے ہاگے میں بچوں کی بہبود کے تجربہ کے بارے میں اپنی رائے دینے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ جائزے کے نتائج کو محفوظ کیا جائے گا اور بارنے ہاگے، بارنے ہاگے کے مالک اورریاستی تعلیمی حکام انہیں بغرض تجزیہ کے اوربارنے ہاگے میں معیار کی ترقی کے لیےاستعمال کریں گے۔

جائزے کے نتائج کو تحقیق و شماریات اور آرکائیوز میں ذخیرہ کرنے کے لیے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

محکمہ تعلیم ناروے جائزے کے اعداد و شمار www.barnehagefakta.no اور www.udir.no پر شائع کرے گا۔

والدین کا جائزہ کیسے لیا جاتا ہے؟

جائزے کا جواب دینا آپکی مرضی پر منحصر ہے۔ آپ ان سوالات کو چھوڑ بھی سکتے ہیں جن کا آپ جواب نہیں دینا چاہتے۔

کاروائی کی ذمہ داری اور رازداری

محکمہ تعلیم آپ کے رابطے کی تفصیلات اور آپ کے جوابات پر رازداری کے ضوابط کے مطابق کارروائی کرنے کا ذمہ دار ہے۔ ہماری معلومات پرکاروائی کرنے والی کمپنی Conexus محکمہ تعلیم ناروے کے لیے جائزے کے تکنیکی پہلوؤں کا انتظام کرتی ہے، اور ان پر بھی انہی ضوابط پر عمل کرنا لازم ہے۔

جواب دیتے وقت آپ اپنا نام نہیں بتائیں گے اور نہ ہی آپ کا ذاتی شناختی نمبر آپ کے جوابات سے منسلک ہوگا۔ اس لیے یہ جاننا مشکل ہوگا کہ جائزے میں کس نے کیا جواب دیا ہے۔ بعض اوقات (مثال کے طور پر چھوٹے بارنے ہاگر میں) یہ خطرہ ہو سکتا ہے کہ کوئی یہ پہچان سکے کہ کس نے کیا جواب دیا ہے۔ لہذا محکمہ تعلیم جائزے کے نتائج کو بارنے ہاگے، بارنے ہاگے کے مالک اور ریاستی تعلیمی حکام کو دکھانے کے لیے بہت سخت قوانین پر عمل کرتا ہے۔ جائزے کے نتائج کو اس طرح شائع نہیں کیا جانا چاہیے جس سے آپ کے جوابات کو پہچاننا ممکن ہو۔ جوابات کو جب تک ضروری سمجھا جائے رکھا جاتا ہے۔

ان صورتوں میں جہاں محکمہ تعلیم جوابات تحقیق کو بھجواتا ہے، وہاں محققین کو ذاتی معلومات اور رازداری پر کارروائی کرنے کے لیے انہی قواعد پر عمل کرنا ہوگا، اور انھیں ایک غیر انکشاف معاہدے پر بھی دستخط کرنا ہوگا۔

ذاتی معلومات پر کارروائی کرنے کے لیے قانونی بنیاد

جب آپ بارنے ہاگے میں والدین کے جائزے کا جواب دیتے ہیں تو آپ جائزے میں حصہ لینے پر اوراپنے جوابات کا بغرض تجزیہ اور بارنے ہاگے میں معیار کی ترقی کے لیے استعمال ہونے پر اتفاق کرتے ہیں۔ اس کی قانونی بنیاد رازداری کے تحفظ کا ضابطہ آرٹیکل 6 نمبر 1 حرف اے اور آرٹیکل 9 نمبر 2 حرف اے ہے۔

آپ اپنی رضامندی اس وقت تک واپس لے سکتے ہیں جب تک جائزے کے نفاذ کی مدت ختم نہ ہو جائے۔ رضامندی واپس لینے سے پہلے کی گئی کاروائی کی قانونی حیثیت متاثر نہیں ہوتی۔ نفاذ کی مدت ختم ہونے پر آپ کے لاگ ان کوڈ/لنک اور آپکے جوابات کے درمیان رابطہ ٹوٹ جاتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ اپنی رضامندی واپس نہیں لے سکتے اور جوابات تک رسائی کا اور انہیں درست یا حذف کرنے کا مطالبہ نہیں کر سکتے، کیونکہ آپ کے جوابات اب آپ سے براہ راست منسلک نہیں ہو سکتے۔

تحقیق، اعدادوشمار اورآرکائیوز میں ذخیرہ کرنے کی قانونی بنیاد رازداری کے تحفظ کا ضابطہ آرٹیکل 6 نمبر 1 حرف ای اور آرٹیکل 9 نمبر 2 حرف جے ہے۔ ذاتی معلومات کا ایکٹ 8 اور 9 قومی قانون کی ضمنی بنیاد ہیں۔

کیا آپ کے پاس سوالات ہیں؟

مزید معلومات کے لیے آپ اپنے بارنے ہاگے یا محکمہ تعلیم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

محکمہ تعلیم سے رابطہ کی معلومات:

ٹیلی فون: +47 23 30 12 00

ای میل: post@udir.no

انٹرنیٹ: www.udir.no

آپ کو www.udir.no/undersokelser پر بھی بہت ساری معلومات مل سکتی ہے۔ رازداری کے بارے میں سوالات محکمہ تعلیم کے رازداری محتسب کو یہاں بھجوائے جاسکتے ہیں: personvernombud@udir.no

بارنے ہاگے میں والدین کے جائزے میں ذاتی معلومات کی کارروائی پر شکایت کرنے کے لیے نارویجن ڈاٹا انسپیکٹوریٹ متعلقہ ادارہ ہے۔ آپ مزید معلومات یہاں سے حاصل کر سکتے ہیں:

https://www.datatilsynet.no/om-datatilsynet/kontakt-oss/klage-til-datatilsynet/